تبصرے

جعفر منصور | ازمولوی ابوالقاسم صاحب رفیق دلاوری تقطیع خورد ضخامت ۱۵۱ صفحات طباعت و
کتابت بہتر قیمت بے جلد عہ پتہ:- اقبال اکاڈمی ظفر منزل تاج پورہ لاہور۔

خلافت بنی عباس کا موسس اور پہلا خلیفہ ابوالعباس سفاح تھا جو تقریباً پانچ سال تک حکمرانی کرنے کے بعد وفات پاگیا۔ اس کے بعد اس کا بھائی ابوجعفر منصور خلیفہ ہوا۔ یہ بڑی آن بان اور تزک و احتشام کا فرمانروا تھا۔ سیاسی تدبر کے ساتھ علم و فضل کی دولت سے بھی بہرہ یاب تھا۔ اسی نے بغداد آباد کیا۔ اور سیاسی فتوحات کے ساتھ بہت سے علمی تہذیبی اور تمدنی کارنامے بھی کیے۔ اس اعتبار سے یہ کہا جاسکتا ہے کہ ابوجعفر منصور ہی سب سے پہلا خلیفہ ہے جس نے خلافت بنی عباس کو استحکام بخشا اور اسے عالم اسلام کا سب سے بڑا سیاسی اور مذہبی مرکز بنایا۔ ان خوبیوں کے ساتھ اس کا دامن بعض بے گناہوں کے خون اور جبر و تشدد کے دھبوں سے بھی خالی نہیں ہے۔ لائق مولف نے اس کتاب میں شستہ اور پاکیزہ زبان میں اسی خلیفہ کے حالات اور کارنامے مستند حوالوں سے لکھے ہیں اور بعض نازک مواقع پر بھی ان کا قلم جادۂ اعتدال سے نہیں ہٹنے پایا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم | ازمولوی محمد ایوب صاحب اصلاحی تقطیع خورد ضخامت ۱۲۸ صفحات
کتابت وطباعت متوسط قیمت عہ پتہ:- موتمر المصنفین کوچہ چیلاں بیت السعید دہلی

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس کتاب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سوانح طیبہ اور غزوات و اخلاق و مکارم کا تذکرہ بہت ہی اختصار کے ساتھ کیا گیا ہے۔ زبان عام فہم اور سلیس ہے اور واقعات مستند اور صحیح ہیں۔

آب ... | از فریو سلطان | تقطیع خورد ضخامت ۸۶ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ۱۰ / ار

پتہ:۔ ادارۂ ادبیات حیدر آباد دکن۔

مولفہ نے یہ کتاب گفتگو کے انداز میں بچوں کے لئے لکھی ہے جس میں انھیں پہلے حیدر آباد کے جغرافیہ سے متعلق موٹی موٹی باتیں بتائی ہیں، پھر یہاں کی مختصر تاریخ بیان کرنے کے بعد موجودہ حیدر آباد کی صنعتوں، پیشوں، زبانوں، رہن سہن کے طریقوں، حکومت کا نظام اور اس کے کارناموں وغیرہ کی نسبت موٹی موٹی باتوں کا ذکر کیا ہے۔ عام اور سرسری واقفیت کے لئے یہ کتاب مفید اور دلچسپ ہے۔

المنبهات علی الاستعداد لیوم المعاد تقطیع خورد ضخامت ۵۱ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت عہ پتہ:۔ اقبال اکاڈمی ظفر منزل تاجپورہ لاہور۔

یہ کتاب ایک طرح کی عربی ریڈر ہے جو علامہ ابن حجر ہیثمی مکی کی تالیف ہے۔ اس میں مختلف ابواب ہیں اور ہر باب میں متعدد نصیحت آموز اقوالِ نبویہ۔ صحابہ کرام۔ بزرگانِ اسلام اور حکماء کے مقولے ہیں یہ کتاب اخلاقی اور ادبی دونوں حیثیتوں سے اس لائق ہے کہ ہمارے مدارس اور اسکولوں کے ابتدائی نصاب عربی میں اس کو شامل کیا جائے۔

نصرتِ دین و اصلاحِ مسلمین کی ایک کوشش از مولانا محمد منظور نعمانی تقطیع خورد ضخامت ۸۸ صفحات۔ قیمت ۸ر

ایک اہم دینی دعوت از مولانا سید ابوالحسن علی ندوی۔ تقطیع خورد ضخامت ۴۸ صفحات قیمت ۴ر

دونوں کتابوں کے ملنے کا پتہ:۔ مکتبہ الفرقان بریلی۔

یہ دونوں کتابیں اگرچہ دو مصنفوں کے قلم سے ہیں، لیکن ان کا موضوعِ بحث اور اندازِ بیان واستدلال قریب قریب یکساں ہی ہے، ان میں مولانا محمد الیاس صاحب کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور تحریک اصلاح و تبلیغ کے حالات اور اس کی اہمیت وضرورت کو خود مولانا مرحوم کے اقوال و مکالمات اور عہدِ نبوی کے نظام تلقین و تربیت کی روشنی میں بیان کیا گیا ہے اور اربابِ صلاحیت واستطاعت حضرات سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ اس تحریک کی اہمیت اور افادیت کو پورے طور پر محسوس کرکے اس میں شامل ہوں اور اس کی مدد کرکے عنداللہ اجر وثواب کے مستحق قرار پائیں امید ہے کہ ان کا مطالعہ بہت سے بے خبر مسلمانوں کے لئے عبرت ونصرت کا سبب ہوگا۔